لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۰	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۷ جمادی الثانی ۱۳۳۷ھ مطابق ۱۰ مارچ ۱۹۱۹ء	جلد ۳۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر منشی محمود الحسن صاحب۔	
۲	رخصت اسسٹنٹ صاحب برقی روشنی	۲
۳	؍؍ حاکم صاحب رسد	؍؍
۴	اضافہ فرمان علی سید کانسٹبل و تقرر کلب حسین خان۔	؍؍
۵	رخصت اسپیشل مجسٹریٹ درجہ دوم۔	؍؍
۶	؍؍ سید محمد حسن صاحب اہلمد دیوانی۔	؍؍
۷	؍؍ پیشکار صاحب دیوانی۔	؍؍
۸	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

تقرر

۲۷ فروری ۱۹۱۹ء

منشی منظور محمود صاحب کا تقرر یکم مارچ ۱۹۱۹ء سے بعہدہ اے ڈی سی بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم کے اسٹاف مین منظور ہو کر لفٹننٹ کا رینک عطا فرمایا گیا۔

رخصت

۳ مارچ سنہ ۱۹۱۹ء

حسب عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر - رخصت پندرہ یوم مسٹر ماجد علیخان اسسٹنٹ انجینیر برقی روشنی ۴ مارچ سنہ رواں سے بغرض روانگی ڈیرہ دون برائے معالجہ پدر اپنے منظور فرمائی گئی -

بلجنس احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۶ فروری سنہ ۱۹۱۹ء

مزید رخصت دو ہفتہ حاکم صاحب صدر بانتظام موجودہ حسب منظوری بندگان حضور معلے دام اقبالہم و ملکہم منظور ہوئی -

اضافہ و تقرر

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر عبد الغفار خان ہیڈ کانسٹبل کوتوالی کی تنخواہ سے پانچ روپیہ ماہوار اضافہ عثمان علی ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار دس روپیہ ماہوار کا منظور ہوا - اور کلب حسین خان ولد یوسف علیخان کو بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار ہیڈ کانسٹبل مقرر کیا گیا -

بلجنس احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۴ مارچ سنہ ۱۹۱۹ء

نو یوم کی رخصت صاحب اسپیشل مجسٹریٹ درجہ دوم کی ۳ مارچ سنہ حال سے ۱۱ تک بغرض روانگی وطن منظور ہوی - صاحب مجسٹریٹ ضلع انکے کام کا انتظام کر دینگے -

۶ مارچ سنہ ۱۹۱۹ء

حسب سفارش مفتی صاحب دیوانی - رخصت رعایتی یکماہ سید احمد حسن اہلمد دیوانی کی منظور ہوئی - بجائے رخصتی مفتی صاحب بذمہ داری کسی اہلکار کے اپرنٹس سے کام لینگے -

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۶ مارچ سنہ ۱۹۱۹ء

مولوی وحید اللہ خان پیشکار عدالت دیوانی کی مزید رخصت ایک سال بانتظام سابق بلا تنخواہ منظور کی گئی ہے - لہذا

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں

صاحب جوڈیشل سکریٹری

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے یکم مارچ لغایت ۱۰ مارچ ۱۹۱۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۴ مار	۵ مار	۴ مار	۴۔ مار	۴۔۰ مار		تحصیل ٹانڈہ سے نقشہ نرخنامہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۵ مار	۵ مار	۵ مار	۵ مار	۴۔۰ مار		
نخود کشتہ آمیز	۵ مار	۵۔۰ مار	۵ مار	۵ مار	۵ مار		
[illegible]	۵ مار	۰	۵۔۰ مار	۵ مار	۵۔۰ مار		
ماش	۳۔۰ مار	۳ مار	۳ مار	۳ مار	۳ مار		
مونگ	۳۔۰ مار	۳۔۰ مار	۳ مار	۰	۳ مار		
مکا	۵۔۰ مار	۶ و ۵۔۰ مار	۵۔۰ مار	۵۔۰ مار	۵۔۰ مار		
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۸ مار		
[illegible]	۰	۰	۰				
عدس	۵۔۰ مار	۰	۵ مار	۰	۶ مار		
ارہر	۴ مار	۰	۵۔۰ مار	۰	۸ مار		
برنج	۴ مار	۴ مار	۳۔۰ و ۴ مار	۳۔۰ مار	۴ مار		
روغن زرد	۰ مار	۰ مار	۰ مار	۰ مار	۰ مار		
روغن سیاہ	۱۔۰ مار	۱ مار	۱ مار	۱۔۰ مار	۱ مار		
روغن کنجد	۱ مار	۱ مار	۱ مار	۰	۱ مار		
نمک سانبھر	۱۱ مار	۱۱۔۰ مار	۱۱۔۰ مار	۱۱۔۰ مار	۱۱۔۰ مار		
نمک لاہوری	۸ مار	۶۔۰ مار	۶ مار	۶ مار	۸ مار		
قند سیاہ	۳ مار	۳۔۰ مار	۳۔۰ مار	۳۔۰ مار	۴ مار		
باجرہ	۵ مار	۴۔۰ مار	۰	۵ مار	۵ مار		